سوال

(104)مسجد کے متولی کا بجائے تیل کے پیسے کو مسجد کے لوٹوں پر صرف کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کسی شخص نے مسجد میں روشنی کے واسطے تیل کے لیے کچھ پیسے اور مسجد کے دوسرے مصرف میں صرف کرنے کی اجازت نہ دی لیکن مسجد کے متولی نے بجائے تیل کے، یہ پیسے مسجد کے لوٹوں پر صرف کردیے۔ کیا شرعاً متولی مسجد کا یہ عمل جائز ہے؟ (عبدالرحیم از بھوپال)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر تیل کے لیے ان پیسوں کی حاجت وضرورت نہیں تھی اور لوٹوں کے لیے ضرورت تھی تو متولی کا یہ فعل جائز ہے۔ دینے والے کی تصریح اور شرط کا بلاضرورت ومصلحت خلاف نہیں کرنا چاہیے۔ شرط الواقف یجب اتباعہ، لقولہم شرط الواقف کنص الشارع کذا فی ''الاشباہ،، وغیرہ من کتب الفقہ، ''السابعة: شرط الواقف عدم الإستدال، فللقاضی الإستبدال إذا کان اصلح،، (الاشباہ والنظائر).

(محدث دہلی ج:8ش:9، ذی الحجہ 1359ھ جنوری 1941ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 1

صفحہ نمبر 202